پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر کے اعلیٰ سطحی وفد کی چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف سے ملاقات، عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

جی ٹی روڈ کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار، مسافروں اور تجارتی نقل و حمل کے لیے سڑک کی فوری بحالی و بہتری کا مطالبہ

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین سی ڈی اے اسلام آباد سہیل اشرف سے ایک اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر وفد نے سہیل اشرف کو چیئرمین سی ڈی اے تعینات ہونے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کی شاندار خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ وفد میں قائد بزنس گروپ ضیاء اللہ عرفانی، سابق صدر گوجرانوالہ چیمبر میاں عمر سلیم اور صدارتی نامزد امیدوار وقاص افضل مغل شامل تھے۔

ملاقات کے دوران گوجرانوالہ، لاہور اور اسلام آباد کو ملانے والی انتہائی اہم تجارتی شاہراہ "جی ٹی روڈ" کی ناگفتہ بہ اور ابتر صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ سڑک کی حالت کو فوری طور پر بہتر بنایا جائے تاکہ مسافروں اور تجارتی نقل و حمل سے وابستہ کاروباری طبقے کو درپیش سنگین مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے۔

وفد نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی اسلام آباد میں عوامی سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں پر عملی پیش رفت کو بھرپور انداز میں سراہتے ہوئے ان کے دبنگ، پرعزم اور فعال اندازِ کارکردگی کی تعریف کی۔ وفد نے اسلام آباد میں جاری زیرِ تعمیر منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے کی جانے والی کوششوں کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔

آخر میں وفد نے اس امید کا اظہار کیا کہ سہیل اشرف اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور وسیع انتظامی تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے عوامی سہولیات میں مزید بہتری لانے کے ساتھ ساتھ جی ٹی روڈ کی بحالی اور مرمت کے لیے بھی متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر مؤثر اور کلیدی کردار ادا کریں گے۔

PRESS RELEASE

High-Level GCCI Delegation Calls on CDA Chairman Sohail Ashraf; Felicitates Him on Assuming Office

Grave Concern Expressed over Dilapidated Condition of G.T. Road; Immediate Restoration and Improvement Demanded for Commuters and Commercial Transport

GUJRANWALA: A high-level delegation of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) held a crucial meeting with CDA Chairman Islamabad, Sohail Ashraf. On this occasion, the delegation extended heartfelt felicitations to Sohail Ashraf on his appointment as CDA Chairman and paid rich tribute to his exemplary public services. The delegation comprised Business Group Leader Ziaullah Irfani, former GCCI President Mian Umar Saleem, and presidential nominee Waqas Afzal Mughal.

During the meeting, deep concern was expressed over the dismal and dilapidated condition of the Grand Trunk (G.T.) Road—a vital commercial artery connecting Gujranwala, Lahore, and Islamabad. The delegation urged the authorities to immediately undertake comprehensive rehabilitation work on the highway to mitigate the severe hardships faced by daily commuters and the business fraternity engaged in commercial transportation.

The delegation lauded CDA Chairman Sohail Ashraf's proactive approach, institutional reforms, public facilitation initiatives, and tangible progress on development projects in Islamabad, praising his dynamic and effective leadership style. They also appreciated the concerted efforts being made to ensure the timely completion of ongoing infrastructure projects in the capital.

Concluding the interaction, the delegation expressed strong optimism that leveraging his professional acumen and vast administrative experience, Sohail Ashraf will not only further enhance public amenities but also play a pivotal and effective role in coordinating with relevant departments for the restoration and upgradation of the G.T. Road.